# 11739 ـ دین کو اصول اور فروع میں تقسیم کرنا

**سوال**

کیا اصول دین کو صرف علمیات اور اس کی فروع کو عملیات قرار دینا صحیح ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

صرف علمیات ہی اصول دین نہیں، کیونکہ دین میں اعتقاد اور عمل میں کوئی فرق نہیں، نہ تو کتاب اللہ میں اور نہ ہی سنت رسول میں آیا ہے کہ اصول صرف اعتقاد ہے، اور فروع صرف عمل ہے، بلکہ یہ تفریق تو معتزلہ کی جانب سے ہوئی ہے انہوں نے یہ اصول اور فروع میں اس طرح فرق کیا ہے.